Maulana Azad National Urdu University

Ph.D. (Education) Course Work Examination - December - 2018

Paper - PHED102CCT : Teacher Education

پرچہ: تعلیم اساتذہ

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) کس کمیشن کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ "ہندوستان کی تقدیر اس کے کمرۂ جماعت میں تشکیل پا رہی ہے"۔

(a) مودالیر کمیشن (1952-53) (b) کوٹھاری کمیشن (1964-66)

(c) یونیورسٹی ایجوکیشن کمیشن (1948-49) (d) نیشنل نالج کمیشن (2009)

(ii) کون سی ایجنسی نے قومی نصابی خاکہ برائے تعلیم اساتذہ (NCFTE) کو تیار کیا ہے۔

(a) یو۔جی۔سی (UGC) (b) اے۔آئی۔سی۔ٹی۔ای (AICTE)

(c) این۔سی۔ای۔آر۔ٹی (NCERT) (d) این۔سی۔ٹی۔ای (NCTE)

(iii) حسب ذیل میں سے کس نے اصطلاح Web 2.0 کو دیا ہے۔

(a) Darcy DiNucci (b) Tim O'Reilly

(c) Dale Dougherty (d) Tim Berner Lee

(iv) NCTE Regulations - 2014 کب سے لاگو ہوا۔

(a) 1 ستمبر 24 (b) 1 اکتوبر 2014 (c) 1 دسمبر 2014 (d) 1 نومبر 2014

(v) "ایک استاد اس وقت تک کبھی نہیں سکھا سکتا جب تک کہ وہ خود بھی نہ سیکھیں۔ ایک چراغ کبھی بھی دوسرے چراغ کو تب تک روشن نہیں کر سکتا جب تک کہ وہ خود اپنی آگ میں نہ جلے" یہ کس نے کہا ہے؟

(a) رابندر ناتھ ٹیگور (b) مہاتما گاندھی

(c) مولانا ابوالکلام آزاد (d) ڈاکٹر سروے پلی رادھا کرشنن

(vi) ہندوستان کا پہلا عمومی ٹیچر ٹریننگ اسکول شروع ہوا۔

(a) 1825 ء میں (b) 1826ء میں (c) 1827ء میں (d) 1828ء میں

(vii) کون سے کمیشن نے "ٹیچر ٹریننگ" کو ایک نئی اصطلاح "ٹیچر ایجوکیشن" کا نام دیا؟

(a) کوٹھاری کمیشن (b) مودالیر کمیشن (c) ہنٹر کمیشن (d) یونیورسٹی ایجوکیشن کمیشن

(viii) RTE Act, 2009 لاگو ہوا۔

(a) 1 اپریل 2010 سے (b) 1 نومبر 2010 سے (c) 1 دسمبر 2010 سے (d) ان میں سے کوئی نہیں

(ix) پیشہ تدریس کا حق ادا کرنے کے لئے معلم کے پاس۔۔۔۔۔اور۔۔۔۔۔۔ضروری ہے؟

(a) غیر معمولی ذہانت اور منظّم منصوبہ بندی (b) افسران کی فرمابرداری اور سماجی خدمت

(c) پیشہ وارانہ اہلیت اور پابندی عہد (d) سیاسی اثر ورسوخ اور سماجی حیثیت

(x) قومی نصابی خاکہ برائے تعلیم اساتذہ (NCFTE - 2009) کے کتنے باب (Chapters) ہے۔

(a) 4 (b) 5 (c) 7 (d) 6

حصہ دوم

2. تعلیم اساتذہ کی ضرورت (Need) ووسعت (Scope) کو بیان کیجیے۔

3. مختصر طور پر تعلیم اساتذہ کے مقاصد ثانوی سطح پر بیان کیجیے۔

4. تعلیم اساتذہ کے ضمن میں یونیورسٹی ایجوکیشن کمیشن (49-1948) اور سیکنڈری ایجوکیشن کمیشن (66-1964) کی سفارشات کو پیش کیجیے۔

5. قومی کونسل برائے تعلیم اساتذہ (NCTE) کو کیوں قائم کیا گیا؟

6. تعلیم اساتذہ کے میدان میں آئی۔سی۔ٹی (ICT) کے استعمال کو واضح کیجیے۔

7. عکاسی تدریس (Reflective Teaching) کی ضرورت واہمیت کی وضاحت کیجیے۔

8. تدریس کو ایک پیشہ کیوں کہا جاتا ہے؟

9. یو۔ایس۔اے (USA) میں تعلیم اساتذہ کے اداروں کی خصوصیات کو بیان کیجیے۔

حصہ سوم

10. ایک معلم کس طرح سے اپنی کارکردگی کے ذریعہ طلباء میں مطلوبہ سماجی اقدار کا فروغ کرسکتا ہے؟ مثالوں کے ذریعہ سمجھائیں۔

11. این۔سی۔ای۔آر۔ٹی (NCERT) اور یو۔جی۔سی (UGC) کے بارے میں مختصراً نوٹ لکھیے۔ تعلیم اساتذہ کے میدان میں ان دونوں اداروں کے کردار کے درمیان کیا فرق ہے؟

12. آپ کی ریاست میں تدریسی پیشہ کی حیثیت اور سماجی شناخت (Social Recognition) کیا ہے؟ اساتذہ کی پیشہ ورانہ حیثیت کس طرح بڑھائی جاسکتی ہے؟

13. تعلیم اساتذہ کے میدان میں موجودہ مسائل کو بیان کیجیے۔ تعلیم اساتذہ کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے اپنی تجاویز پیش کیجئے۔

14. دور حاضر میں معلم کی عزت واحترام میں کمی کیوں محسوس کی جارہی ہے؟ ملک وسماج میں معلم کے مقام میں بہتری لانے کے لئے کیا اقدامات کئے جانے چاہیے؟

☆☆☆